ilmkidunya
علم کی دنیا

# Education - FA Part 2 Education Urdu Medium Chapter 1 Short Questions Preparation Online Test

Q1. جامعہ ازہر سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** جامعہ ازہر سے مراد وہ یونیوسٹی ہے جو قاہرہ میں نویں صدی عیسوی میں قائم ہوئی،یہ دنیا کی قدیم ترین یونیورسٹی سمجھی جاتی ہے.

---

Q2. ابن سینا کے نزدیک تعلیم کے دو مقاصد لکھیں.

**Ans 1:** 1.ابن سینا کے نزدیک تعلیم کا سب سے اہم اور بنیادی مقصد رضائے الہی کا حصول ہے.وہ تمام بنی نوع انسان کو وصیت کرتے ہیں کہ سب سے پہلے اورسب سے آخرمیں اللہ کو یاد رکھا جائے. 2.ذہنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ان کے نزدیک تعلیم کا ایک اور اہم مقصد ہے.

---

Q3. امام غزالی(رح) کے نزدیک تعلیم کا ایک مقصد دنیاوی ضروریات کو پورا کرنا ہے.

**Ans 1:** امام غزالی(رح) کے نزدیک تعلیم کا مقصد دنیوی ضروریات کو پورا کرنا بھی ہے.آپ کے نزدیک افراد کو ایسی تعلیم دیا چاہئے جو انہیں ایک مثالی زندگی گزارنے کے قابل بنائے اور ان کی دینوی ضروریات کو پوری کرنے کا باعث بنے.اسی لئے آپ دینی علوم کے ساتھ ساتھ دینوی علوم سیکھنے پر بھی زور دیتے ہیں

---

Q4. امام غزالی (رح) کے نزدیک فرض کفایہ سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** اختیاری مضامین کو امام صاحب فرض کفایہ کا نام دیتے ہیں،ان میں وہ مضامیں شامل ہیں جن کے بغیر معاشرے کا کروبار نہیں چلتا،اگر معاشرے میں ان علوم کے جاننے والے افراد مناسب تعداد میں موجود ہوں تو معاشرے کا کام چلتا رہے گا.

---

Q5. امام غزالی (رح)پر چار جملے تحریر کریں.

**Ans 1:** 1.آپ ایک ماہر تعلیم اور بہترین استاد تھے. 2.مفکر تعلیم کی حیثیت سے اہل مغرب بھی ان کا لوہا مانتے ہیں. 3.آب کی اکثر کتابوں کے تراجم کئی یورپی زبانوں میں ہو چکے ہیں. 4.کیمائے سعادت اور احیاء العلوم آپ کی اہم تصانیف ہیں.

---

Q6. طلباء کے لیے بو علی سینا کی کیا ہدایات ہوسکتی ہیں؟

**Ans 1:** 1.ریاکاری سے بچیں اور خلوص نیت سے علم حاصل کریں. 2.اسلامی عبادات اور شعائر کی پابندی کریں جس میں نماز اور روزہ شامل ہیں. 3.جسمانی صحت کے لیے ضروری ہے کہ لذتوں کا استعمال بلا ضرورت نہ کیا جائے.

---

Q7. مسلمانوں کےعہد حکومت میں برصغیر کا ابتدائی تعلیم کا نصاب کیا تھا؟

**Ans 1:** ابتدائی تعلیم کے نصاب میں معمولی لکھنا پڑھنا اور ابتدائی حساب سکھایا جاتا تھا،اس کے علاوہ مذہب اسلام کے وہ ابتدائی اصول بھی سکھائے اور یاد کروائے جاتے تھے جو ضروری ہیں.

---

Q8. امام غزالی(رح) کے نزدیک کونسی تعلیم اچھی تعلیم کہلاتی ہے؟

**Ans 1:** امام غزالی(رح) کہتے ہیں کہ اچھی تعلیم وہی ہے جو انسان کو انسانیت کے درجے پر فائز کرتی ہے اور نیکی اور بدی میں تمیز کر کے نیکی کو اپنانے اور برائی

کے کاموں کو ترک کر دیتا ہے.

---

Q9. خلفائے راشدین کے دور میں تعلیم کے صورت حال کیسی رہی؟

**Ans 1:** خلفائے راشدین نے علم و ہدایت کے فروغ کو جاری رکھا،حضرت عمر (رض) کو تعلیم میں با قاعدگی پیدا کرنے کا اس قدر خیاک تھا کہ انہوں نے علماء اور اساتذہ کی تنخواہیں بیت المال سے مقرر فرمائیں.

---

Q10. مکتب سے کیا مراد ہے؟ماضی میں مکتب کی کیا اہمیت تھی؟

**Ans 1:** مکتب عربی زبان کا لفظ ہے جس کے لفظی معنی لکھنے کی جگہ کے ہیں.مکتب کا لفظ عموماً ابتدائی تعلیم کے ایسے مدارس کے لیے استعمال کیا جاتا تھا جہاں طلباء کو لکھنے کا فن سکھایا جاتا تھا.

---